میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ شام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
Hizb ut Tahrir

جمعرات، 20 ذوالحجہ 1437ھ | 22/09/2016 | نمبر: 029/1437

دعوت دینے والے کی موت

ہم مرکزی میڈیا کمیٹی حزب التحریر ولایہ شام کے ممبر کی شہادت کی خبر پہنچانا چاہتے ہیں کہ ہمارے ساتھی محمّد ایدو نذر (ابو عبادہ الشامی) جو حلب میں مجرمانہ جیٹ طیارے کی بمباری کے نتیجے میں بروز جمعرات بمطابق 22 ستمبر 2016 کو شہید ہو گئے۔

ابو عبادہ الشامی ایک جلتی مشعل اور شمع کی طرح تھے جس نے جاہلیت کے اندھیروں کو روشنی بخشی۔ اللہ ان پر رحم فرمائے۔ نہ وہ کبھی تھکے نہ کبھی مایوس ہوئے۔ انھوں نے اسلامی نظام کے نفاذ کے لئے اپنی زندگی صرف کر دی۔ اپنے پیچھے وہ اپنے گھر والوں اور رشتہ داروں کو حلب میں محصور بھائیوں کے ساتھ چھوڑ آئے۔ وہ لوگوں کو دین کے نفاذ اور انقلاب کے اصولوں پر ڈٹے رہنے کے لئے پکارتے تھے اور اللہ سے دعا کرتے تھے کہ انہیں نبوت کے طریقے پر دوسری خلافتِ راشدہ کا قیام دیکھنا نصیب ہو۔ یہ اللہ کی مرضی تھی کہ وہ حلب پر جابر کی وحشیانہ بمباری کے ہاتھوں شہید ہوں، ہم انہیں شہید سمجھتے ہیں اور ہم اللہ کے سامنے کی کسی صفائی پیش نہیں کرتے۔

پیارے ابو عبادہ! اللہ آپ پر رحم فرمائے اور اللہ آپ کو قیامت میں انبیاء، صدیقین، شہداء اور سیدھی راہ پر چلنے والوں کے ساتھ اٹھائے۔ ہم حزب التحریر ولایہ شام، اللہ سے اور آپ سے وعدہ کرتی ہے کہ ہم اسلام کے سچے سپاہی رہیں گے اور رسول اللہ ﷺ کے طریقے پر چلتے رہیں گے جب تک اللہ سبحانہ و تعالیٰ اپنی ریاست کے قیام کے ذریعے اسلام کو سربلندی عطا نہ کر دیں یا ہمیں اس راہ میں موت نہ آ جائے۔ اور پھر اُس وقت ہم ان لوگوں کا سخت محاسبہ کریں گے جنھوں نے آپ کو قتل کیا، مسلمانوں کو قتل کیا اور ان کی عزتوں کی توہین کی۔

وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَيَّ مُنقَلَبٍ يَنقَلِبُونَ

"اور ظلم کرنے والوں کو عنقریب معلوم ہو جائے گا کہ وہ کس انجام سے دوچار ہوتے ہیں" (الشعراء:227)۔

وَاللَّـهُ غَالِبٌ عَلَىٰ أَمْرِهِ وَلَـٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ

"اللہ اپنا کام کر کے رہتا ہے، مگر اکثر لوگ جانتے نہیں ہیں" (یوسف:21)۔

ہم کچھ نہیں کہیں گے سوائے اس کے جس سے اللہ سبحانہ و تعالیٰ راضی ہوں: **إِنَّا لِلَّـهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ** "ہم اللہ ہی کے ہیں اور اللہ ہی کی طرف ہمیں پلٹ کر جانا ہے" (البقرۃ:156)۔ کوئی طاقت اور قوت نہیں سوائے اللہ کے۔

ولایہ شام میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ای میل: media@tahrir-syria.info
شام کی ویب سائٹ: www.tahrir-syria.info
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info